## سوال

(558)ذکر کرتے وقت بے جا حرکات اور تکلفات سے کام لینا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ان لوگوں کے متعلق کا کیا حکم ہے جو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہوئے دائیں بائیں جھومتے اور اچھلتے ہیں اور سب مل کر بلند آواز سے ذکر کرتے ہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ جائز نہیں۔ کیونکہ اس انداز سے ذکر کرنا بدعت ہے اور نبی ﷺ نے فرمایا :

((مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا ہٰذَا مَا لَیْسَ مِنْہُ فَھُوَ رَدٌّ))

''جس نے ہمارے دین میں وہ چیز ایجاد کی جو اس میں سے نہیں تو وہ ناقابل قبول ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ دارالسلام

**ج1**

**محدث فتویٰ**